پل بندھ کاروائی 2023-2024

جماعت: پنجم　　　　مضمون: اردو

اکتسابی ماحصل

1۔ دیئے گئے موضوع پر طلباء بلا جھجک بات کریں گے۔

2۔ حروف تہجی اور اعراب. مکمل طور پر سیکھنے کے بعد آسان الفاظ آسان جملے بنائیں گے۔

3۔ آسان عنوانات پڑھکر سمجھکر آسان سوالات کے جوابات دیں گے۔

4۔ مناسب رموز واو قاف کی علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے جملے لکھیں گے۔

5۔ معلمہ کی مدد سے چھوٹی عبارتیں اور خطوط لکھیں گے۔

6۔ جنس، واحد، جمع اور اضداد کو واضح طور پر لکھتے ہوئے اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کریں گے۔

قبل از جانچ سوالی پرچہ

☆ مثال کے مطابق الفاظ بنایئے۔



مثال: ف + ر + ض = فرض

1- ___ + ___ + ___ = ___

2- ___ + ___ + ___ = ___

3- ___ + ___ + ___ = ___

☆درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

4-درج ذیل جھلکی کارڈس سے آنکھ بند کر کے ایک کارڈ چن لیں اور اس کارڈ میں موجود جملوں کو دہرائیں (زبانی)

کچا پاپڑ پکا پاپڑ	کھڑک سنگھ کے کھڑکنے سے کھڑ کتی ہیں کھڑکیاں کھڑکیوں کے کھڑکنے سے کھڑکتا ہے کھڑک سنگھ	اونٹ اونچا اونٹ کی پیٹ اونچی اونچی پیٹ اونٹ کی

☆ذیل کی جوڑیاں بناو۔		☆درج ذیل کی خانہ پری کرو۔
5۔ختمہ	(؟)	8۔بہادر کا ضد ________________
6۔سکتہ	(۔)	9۔ قافلہ کی جمع ________________
7۔سوالیہ	(،)	10۔بھائی کا مونث ________________

☆درج ذیل کہانی پڑھ کر سوالات کے جوابات دو۔(سوال نمبر 11 سے 13 تک)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک پیاسا کوا تھا وہ پانی کی تلاش میں اِدھر اُدھر اڑا لیکن پانی نہ پا سکا. آخر کار وہ ایک باغ میں پہنچا جہاں اس نے ایک گھڑا دیکھا. اس نے کوشش کی مگر کوے کے چونچ تک پانی نہ پہنچ سکتی تھی. اس نے ایک ترکیب سوچی. اس نے کنکریاں لا کر گھڑے میں ڈالیں. پانی اوپر چڑھ آیا. کوے نے اپنی پیاس بجھائی اور جنگل کی طرف اُڑ گیا

11۔کوے کو گھڑا کہاں نظر آیا؟

12 کوے کو کیا مشکل پیش آئی؟

13 کوے نے کیا ترکیب سوچی؟

14۔خطوط کی کتنی قسمیں ہیں؟

15۔کاتب کسے کہتے ہیں؟

بعد از جانچ سوالی پرچہ

☆درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

1۔درج ذیل مضامین پر اپنے خیالات پیش کریں۔مثال:میرا پسندیدہ کھیل. میرا پسندیدہ کھانا وغیرہ(زبانی)

2۔"واہ!یہ منظر کتنا خوبصورت ہے؟"اس جملے میں فجائیہ کی علامت کونسی ہے لکھو؟

☆ مثال کے مطابق "نا" کے استعمال سے لفظ بنائیے۔

مثال: روٹھ + نا = روٹھنا



3- ______

4- ______

5- ______

6- ______

☆درج ذیل کی خانہ پری کرو۔

7۔دوست کا ضد ______

8۔مجاہد کی جمع ______

9۔شوہر کا مونث ______

☆درج ذیل کہانی پڑھ کر سوالات کے جوابات دو۔(سوال نمبر 10 سے 13 تک)

ایک گاؤں میں ایک بوڑھا کسان رہتا تھا۔اس کے چار بیٹے تھے جو ہمشہ آپس میں جھگڑتے رہتے تھے۔کسان نے انہیں سمجھانے کی بہت کوشش کی، مگر بے سود۔جب وہ مرنے کے قریب تھا تو اس نے چاروں بیٹوں کو اپنے پاس بلایا اور نوکر سے کہا کہ لکڑیوں کا گٹھا لے آؤ۔وہ گٹھا لے آیا۔کسان نے ہر ایک سے باری باری کہا کہ گٹھا توڑ دو، مگر کوئی بھی نہ توڑ سکا۔پھر اس نے گٹھے کو کھولنے کی ہدایت کی۔گٹھا کھولا گیا تو کسان نے ایک ایک لکڑی توڑنے کو کہا۔سب نے ایک ایک کر کے تمام لکڑیاں توڑ دیں۔بوڑھے کسان نے کہا "یہ تمہارے لیے ایک سبق ہے،جب تم مل کر رہو گے تو تم مضبوط اور طاقتور رہوں گے۔اور نا اتفاقی میں کمزوری اور بربادی ہے۔

10۔بوڑھے کسان کے کتنے بیٹے تھے؟

11۔بوڑھے کسان نے اپنے بیٹوں کو کیا لانے کے لئے کہا؟

12۔بوڑھے کسان نے لکڑیوں کو کس طرح سے توڑنے کی ہدایت کی؟

13۔اس کہانی میں کیا سبق ہے؟

☆ذیل کی تصویر دیکھ کر نام لکھئے۔

-14

-15

Prepared by:SHAGUFTA S.KITTUR (U.H.P.S.Kakati.Belgaum Rural)